# چیئرمین جائزہ رپورٹ

میری جانب سے انتہائی مسرت کے ساتھ سانگھڑ شوگر ملز لمیٹڈ کمپنی کی رپورٹ ہذا کو حصص داران کی خدمت میں پیش کیا جارہا ہے، نیز میں انتہائی مسرت کے ساتھ 30 ستمبر 2021 کو ختم ہونے والے مالی سال کی بابت کمپنی سے متعلق مالیاتی دستاویزات وہ دیگر معلومات بھی آپ کی خدمت میں پیش کررہا ہوں اور اس کے ساتھ ساتھ بورڈ کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ اور بورڈ کی جانب سے ادا کئے جانے والے موثر کردار کا جائزہ بھی پیش کیا جارہا ہے۔

افراط زر میں مسلسل اضافہ اور روپے کی قدر میں مسلسل کمی کی وجہ سے عمومی طور پر معیشت اور بالخصوص مینوفیکچرنگ کا شعبہ شدید دباؤ میں رہا۔ مالی سال 2020-21 کافی مشکل سال ثابت ہوا، اس سال شوگر انڈسٹری کو بڑے مسائل کا سامنا رہا اور گنے کے حصول کے سلسلے میں شوگر ملوں کو سخت مسابقت کا سامنا رہا۔ ان وجوہات کی بناء پر چینی کی پیداواری لاگت میں اضافہ ہوگیا۔ مالی سال کی آخری سہ ماہی کے دوران چینی کی قیمت فروخت میں اضافہ ہوا تھا جس کی وجہ سے کمپنی کے خسارے کو کم کرنے اور نقد رقوم کی آمد کو بڑھانے میں کافی مدد ملی تھی۔ دوران سال کمپنی کی جانب سے ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کو بھی کامیابی کے ساتھ پایہ تکمیل تک پہنچادیا گیا ہے۔ کمپنی اپنی مینوفیکچرنگ کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے پرعزم ہے تاکہ غیر یقینی صورتحال سے چھٹکارہ پایا جائے اور حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے اور اس کے ساتھ ساتھ جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگی حاصل کی جاسکے۔

بورڈ کی جانب سے اپنی کارکردگی کی جانچ کے عمل برائے مالی سال 2020-21 کو مکمل کرلیا گیا ہے اور یہ بات آپ کے گوش گزار کرنا چاہتے ہیں کہ طے شدہ ضوابط کے تحت زیر نظر مالی سال کے دوران بورڈ کی کارکردگی اطمینان بخش رہی۔ بورڈ کی جانب سے ایک صاف اور شفاف نظام کے تحت چیف ایگزیکیٹیو آفیسر کی کارکردگی کو جانچا جاتا ہے اور اس بات کو بھی یقینی بنایا جاتا ہے کہ سی ای او کا مشاہرہ کمپنی کے مفادات اور کمپنی کی کامیابی کے ساتھ ہم آہنگ ہے۔

بورڈ کمپنی کی موجودہ کاروباری سرگرمیوں سے مکمل طور پر آگاہ ہے اور کمپنی کے تمام افعال کے ضمن میں بورڈ ہر قسم کی طاقت اور کمزوری پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے، نیز ان سرگرمیوں کی کارکردگی کو جانچنے کیلئے ایک مؤثر نظام بھی وضع کیا گیا ہے۔ بورڈ کی جانب سے ایسی جامع پالیسیاں مرتب کی گئی ہیں جو بورڈ کی مجموعی ذمہ داریوں اور کمپنی کے افعال کا احاطہ کرتی ہیں۔

آڈٹ کمیٹی اور انسانی وسائل و ادائیگیوں کی کمیٹی کی سربراہی غیر جانبدار ڈائریکٹر کی جانب سے کی گئی جس سے ہمارے اس عزم کا اظہار ہوتا ہے کہ ہم گورننس کے سنہرے اصولوں اور شفافیت پر یقین رکھتے ہیں۔ آڈٹ کمیٹی کی جانب سے مالیاتی رپورٹنگ کی نگرانی کو جاری رکھا گیا ہے اور اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ بروقت اور صحیح معلومات کو تمام شراکت داروں تک بہم پہنچایا جائے۔

مناسب ہدایات فراہم کرنے اور کمپنی میں کنٹرول جیسی ذمہ داریاں نبھانے کے سلسلے میں بورڈ پر اپنا اعتماد قائم رکھنے کی ذمہ داریاں بھی عائد ہوتی ہیں۔ ان ذمہ داریوں میں کمپنی کے کاروباری رسک کی نشاندہی کرنا اور اسے کنٹرول کرنا، مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کو مربوط کرنا اور حصص داران کیلئے شفاف رپورٹنگ کو یقینی بنانا وغیرہ شامل ہیں۔

مستقبل پر نظر رکھتے ہوئے، بورڈ کمپنی کو لاحق تمام مسائل سے بخوبی آگاہ ہے اور کمپنی کی منفعت اور پیداواری صلاحیت میں اضافے کیلئے اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کیلئے پر عزم ہے، اس مقصد کیلئے بورڈ کمپنی کی پیداواری صلاحیتوں کو بڑھانے، تحقیق و ترقی کے عمل کو فروغ دینے، پیداواری لاگت کو کنٹرول کرنے، پورٹ فولیو میں تنوع پیدا کرنے اور صارفین کے ساتھ طویل المیعاد تعلق کو پیدا کرنے اور ان سے فائدہ اٹھانے جیسے اقدامات اٹھانے کیلئے پر عزم ہے تا کہ کمپنی کو بہتر مسابقتی پوزیشن میں لایا جا سکے۔

میں اپنی جانب سے اس بات کو ریکارڈ کا حصہ بنانا چاہتا ہوں کہ تمام اعلیٰ افسران، دیگر افسران اور ملازمین کی جانب سے کمپنی کے معاملات کو خوش اسلوبی کے ساتھ چلانے کیلئے جس اخلاص، ایمانداری اور محنت شاقہ کا مظاہرہ کیا گیا ہے وہ قابل ستائش ہے اور امید کرتا ہوں کہ آئندہ بھی اللہ رب العزت کی رحمت کے سائے تلے تمام افراد کمپنی کی پیداواری صلاحیت میں اضافے کیلئے اسی جوش و جذبے کا مظاہرہ کرتے رہیں گے۔ اس کے علاوہ اس موقع پر میں تمام سرکاری عمال، بینکاروں اور غیر بینکاری مالیاتی اداروں، ترسیل کاروں اور حصص داران کا بھی تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ کمپنی کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ان کی حمایت اور تعاون ہمیشہ ہمارے شامل حال رہے۔

کراچی: 01 جنوری 2022

غلام دستگیر راجڑ
چیئرمین